**10.01.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ...... آسیہ میمونہ

------------------------------

**Music**

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج بھوبنیشور میں پرواسی بھارتیہ دِوَس کنونشن کے اختتامی جلسے سے خطاب کریں گی،وہ پرواسی بھارتیہ سمان بھی عطا کریں گی۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ صنفی برابری اور خواتین کی ترقی، بھارت کی خارجہ پالیسی اوربین الاقوامی تعلقات کا لازمی حصہ ہیں۔

☆ اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے پریاگ راج میں آکاشوانی کے کمبھ وانی چینل کا آغاز کیا۔ انھوں نے کہا کہ مہا کمبھ، ذات-پات اور تفریق سے پَرے ہے اور اِس سے اتحاد کا پیغام، عام ہوتا ہے۔

☆ دلّی میں اسمبلی انتخابات کیلئے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا کام شروع ہوگیا ہے۔

☆ بھارت کے محکمۂ موسمیات نے سرد لہر اور گھنے کہرے کے سبب اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ دلّی میں ریل اور فضائی خدمات متاثر ہیں۔

☆ اور انڈین سپر لیگ فٹبال میں آج شام گوہاٹی کے اندراگاندھی ایتھلیٹک اسٹیڈیم میں، نارتھ ایسٹ یونائیٹیڈ کا مقابلہ پنجاب FC سے ہوگا۔

---------------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**Prez-Pravasi Bhartiya Samman**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج بھوبنیشور کے جنتا میدان میں، منعقدہ 18 ویں پرواسی بھارتیہ دِوَس کنونشن میں شرکت کے لیے بھوبنیشور پہنچ گئی ہیں۔ان کا استقبال وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور کنونشن کی دیگر معزز شخصیات نے کیا۔محترمہ مرمو، بیرونِ ملک مقیم بھارتیوں کے ممتاز افراد کو مختلف شعبوں میں اُن کے گراں قدر تعاون کے لیے پرواسی بھارتیہ سمّان بھی عطا کریں گی۔ تین روزہ 18ویں پرواسی بھارتیہ دِوَس کنونشن کا آج آخری دن ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج کنونشن کی اختتامی تقریب کی صدارت کریں گی اور بیرونِ ملک مقیم بھارتی برادری سے خطاب کریں گی۔ وہ بھارتی برادری کے چنندہ ممبروں کو پرواسی بھارتیہ سمّان 2025 بھی عطا کریں گی۔ یہ سمّان ملک یا بیرونِ ملک سماجی یا انسانی ہمدردی کے کاموں میں نمایاں تعاون کرنے والے، نیز بھارت اور میزبان ملک کے درمیان رابطہ بنانے میں تعاون کرنے والے، اسی طرح متعلقہ ملک میں بھارت کے وقار کو بڑھانے کے لیے نمایاں تعاون پیش کرنے والے بیرونِ ملک مقیم بھارتی، بھارت نژاد افراد یا غیر مقیم بھارتی یا

بھارت نژاد افراد کے ذریعے قائم تنظیم یا ادارے کو دیا جانے والا اعلیٰ ترین اعزاز ہے۔ اُڈیشہ کے وزیر اعلیٰ موہن چرن مانجھی آج شام کنونشن کے مقام پر بھارتی برادری کے اُڈیشہ سے تعلق رکھنے والے ارکان سے ملاقات کریں گے اور اُن کے ساتھ اُڈیشہ میں سرمایہ کاری سمیت دیگر معاملات پر تبادلۂ خیال کریں گے۔

**PBD-EAM**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ کوئی بھی ترقی اُس وقت تک سطحی رہتی ہے، جب تک اِس میں انسانی پہلو شامل نہ ہو۔ آج بھوبنیشور میں پرواسی بھارتیہ دِوَس کے چوتھے مکمل اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے سماج کے اُن گہرے معاملات کو اُجاگر کیا، جن کا اثر خاص طور پر خواتین کی ترقی پر پڑتا ہے۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ سماجی تبدیلیوں کا تعلق بظاہر اور سادہ چیلنجوں کو دور کرنے سے بھی آگے تک ہوتا ہے۔ وزیر موصوف نے یہ بات بھی خاص طور پر کہی کہ تفریق کا سلسلہ کس طرح کنبے کی سطح پر، پیدائش سے شروع ہوتا ہے اور یہ سلسلہ غذائیت، صحت اور تعلیم جیسے وسائل تک پہنچتا ہے۔ اِس اجلاس میں، نظام میں پائے جانے والے اُن چیلنجوں کو دور کرنے سے متعلق خیالات کا اظہار کرتے ہوئے، جن سے ترقی کا عمل متاثر ہوتا ہے، عالمی سطح پر خاتون رہنماؤں کی حصولیابیوں کا جشن منایا گیا۔

**UP-Kumbhvani**

اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے، آج اترپردیش کے شہر پریاگ راج میں آکاشوانی کے کمبھ وانی چینل کو، جو مہا کمبھ 2025 کیلئے وقف ہے، شروع کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے اعتماد ظاہر کیا کہ کمبھ وانی نہ صرف اپنی مقبولیت کی اونچائیوں پر پہنچے گا، بلکہ کہ مہا کمبھ کے جذبے کو اُن دور دراز کے گاؤوں تک پہنچائے گا، جہاں لوگ خواہش کے باوجود اِس میلے میں شرکت نہیں کرسکتے۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ یہ چینل اِن دور دراز کی آبادیوں تک مہا کمبھ کے بارے میں متعلقہ معلومات پہنچانے کیلئے ایک اہم وسیلے کے طور پر کام کرے گا۔وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مہاکمبھ ذات-پات اور تفریق سے پَرے ہے اور یہ اتحاد کے پیغام کو عام کرتا ہے۔اطلاعات و نشریات کے وزیرمملکت ڈاکٹر ایل مورو‌گن نے بھی اِس پروگرام میں ورچوئل وسیلے سے شرکت کی۔ پروگرام کے دوران وزیر اعلیٰ نے کمبھ منگل دُھن کا بھی آغاز کیا۔ کمبھ وانی چینل کُل سے 26 فروری تک صبح 5 بجکر 55 منٹ سے شام 10 بجکر 5 منٹ تک مہا کمبھ کی ہر ایک سرگرمی پر مبنی بہت سے پروگرام نشر کرے گا۔ کمبھ وانی چینل سے امرت اسنان کا براہِ راست تبصرہ بھی نشر کیا جائے گا۔ پرسار بھارتی کے چیئرمین ڈاکٹر نونیت کمار سہگل، چیف ایگزیکیٹیو افسر گورَو دویدی، آکاشوانی کی ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر پرگیہ پالیوال گوڑ، دور دِرشن کی ڈائریکٹر جنرل کنچن پرساد اور آکاشوانی اور دور درشن کے سینئر عہدیداران سمیت کئی سرکردہ شخصیات اس تقریب میں موجود تھیں۔یہ پروگرام، 103 میگا ہرٹز، newsonair ایپ اور waves OTT پر سنے جاسکیں گے۔

**Delhi-Assembly Notification**

دلّی اسمبلی کے انتخابات اگلے ماہ کی 5 تاریخ کو ہوں گے، جس کیلئے نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا ہے۔ اِس کے ساتھ ہی قومی راجدھانی میں 70 سیٹوں کیلئے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا کام بھی شروع ہوگیا ہے۔ کاغذاتِ نامزدگی اِس ماہ کی 17 تاریخ تک داخل کئے جاسکتے ہیں۔ نامزدگی واپس لینے کی آخری تاریخ 20 جنوری ہے۔ دلّی اسمبلی کیلئے ڈالے گئے ووٹوں کی گنتی 8 فروری کو کی جائے گی۔

**Ashwani Vishnaw-ICF**

ریلوے اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ اوسط اور کم آمدنی والی گروپوں کے لیے معیاری خدمات فراہم کرنے کے لیے نئی وندے بھارت ٹرین جلد ہی شروع ہوجائے گی۔ چنئی میں میڈیا سے بات چیت کے دوران جناب ویشنو نے کہا کہ سبھی شہریوں کو عالمی درجے کی سہولیات فراہم کرنے کے وزیر اعظم کے عزم کی تکمیل کے لیے امرت بھارت 2.0 کا آغاز کیا گیا ہے۔

**Assam-Dima Hassao Mine**

آسام میں مرکزی اور ریاستی انجینیوں نے بچاؤ کا کام آج پانچویں دن بھی جاری رکھا ہوا ہے، تاکہ Dima Hasao ضلع میں Umrangso کے مقام پر سُرنگ نما غیر قانونی کوئلہ کان کے اندر پھنسے ہوئے کانکنوں کا پتہ لگایا جاسکے۔ پیر کو صبح سویرے کوئلہ کانکن Umrangso میں اِس کان میں پھنس کر رہ گئے تھے، کیونکہ اِس کان میں اچانک سیلاب کا پانی بھر گیا تھا۔ایک سینئر سرکاری افسر کے مطابق، جو اِس بچاؤ کام کی نگرانی کررہا ہے، پانی کی یہ سطح کئی پمپوں سے پانی باہر نکالے جانے کے باوجود کم نہیں ہورہی ہے اور اندیشہ ہے کہ کچھ کانکن پانی کے کسی صوتے کے رابطے میں آگئے ہیں۔

**Bangladesh-Political Consensus**

بنگلہ دیش میں، عبوری حکومت کے مشیر محفوظ عالم نے کل نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ اِس بات کا امکان ہے کہ جولائی کے انقلاب کا اعلان، منصوبے کے مطابق 15 جنوری کو نہ کیا جائے، کیونکہ ایک وسیع اتفاقِ رائے قائم کرنے کیلئے مزید وقت درکار ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ عبوری حکومت جولائی کے اعلامیے کا اعلان نہیں کرے گی، کیونکہ اِس اعلامیے کی تشکیل میں محض مدد دے رہی ہے۔ یہ پریس بیان مشیروں کے کونسل کی ایک میٹنگ کے بعد دیا گیا ہے۔ یہ میٹنگ مشیرِ اعلیٰ پروفیسر محمد یونس کی صدارت میں اُن کے دفتر میں منعقد ہوئی۔

**IMD-Weather Fog**

دلی اور ملحقہ علاقوں میں شدید کہرے کی وجہ سے پریاگ راج ایکسپریس، سمپورن کرانتی ایکسپریس اور شرم شکتی ایکسپریس سمیت دلی جانے والی تقریباً 26 ریل گاڑیاں تاخیر سے چل رہی ہیں۔ اندراگاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈے پر آج صبح بہت کم حد بصارت کی وجہ سے 100 سے زیادہ پروازیں بھی تاخیر سے چل رہی ہیں۔ بھارتی محکمہ موسمیات نے شدید سردی اور کہرے کی وجہ سے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ آئی ایم ڈی نے آج پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور اترپردیش میں رات اور صبح کے وقت شدید کہرا چھائے رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔ بہار، جھارکھنڈ، ہماچل پردیش، اڈیشہ اور شمال مشرقی ریاستوں میں بھی اگلے دو دن کے دوران اسی طرح کے موسم کا امکان ہے۔

**ISL-Football**

انڈین سپر لیگ فٹبال میں گوہاٹی کے اندراگاندھی ایتھلیٹکس اسٹیڈیم نارتھ ایسٹ یونائیٹڈ کا مقابلہ پنجاب FC سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔اِس سے پہلے کل شام چنئی میں، مہمان اوڈیشہ FC نے میزبان Chennaiyin FC کے ساتھ کھیلتے ہوئے میچ کو دو-دو سے برابر کردیا تھا۔